© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

## یادگارِ اسلاف مولانا مجاہد الحسینی اور علماء وفاق المدارس کی دارِ بنی ہاشم میں آمد

ملتان (۱۰؍ مارچ ۲۰۱۶ء) یادگارِ اسلاف مولانا مجاہد الحسینی، مولانا ظفر احمد قاسم (وہاڑی)، وفاق المدارس العربیہ جنوبی پنجاب کے مسئول مولانا زبیر احمد صدیقی، وفاق المدارس کے ضلعی مسئول مولانا محمد نواز جامعہ قادریہ حنفیہ (ملتان) پر مشتمل علماء کرام کے ایک بڑے وفد نے مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی دفتر دارِ بنی ھاشم ملتان کا دورہ کیا اور مولانا سید عطاء المؤمن بخاری، مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات و تبادلہ خیال کیا اس موقع پر حضرت حافظ سید محمد وکیل شاہ مدظلہ بھی موجود تھے۔ مولانا زبیر احمد صدیقی نے سید محمد کفیل بخاری کو 3؍ اپریل کو لاہور میں ہونے والے تحفظ مدارس دینیہ کنونشن میں شرکت کی دعوت دی اور طے پایا کہ وفاق المدارس العربیہ ضلع ملتان کا ایک اجلاس جامع مسجد ختم نبوت دارِ بنی ھاشم ملتان میں منعقد ہوگا۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے مولانا زبیر احمد صدیقی سے تحریک تحفظ ختم نبوت کے ماتحت دینی مدارس اور وفاق المدارس العربیہ کے مابین رابطہ و تعاون کے حوالے سے تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقع پر مجلس احرار اسلام اور تحریک تحفظ ختم نبوت کی قیادت نے اس امر کا اظہار کیا کہ وفاق المدارس سمیت دینی قوتوں کی تائید وحمایت ہر حال میں جاری رکھی جائے گی۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ 3؍ اپریل کو لاہور میں وفاق المدارس کے زیر اہتمام استحکام پاکستان و تحفظ مدارس دینیہ کانفرنس کو کامیاب کرنے کے لیے بھر پور محنت کی جائے گی۔ یہ کانفرنس تحفظ مدارس کی جدو جہد میں سنگ میل ثابت ہوگی۔

## وفاق المدارس جنوبی پنجاب سے ملحق مدارس کے مدیران کا مدرسہ معمورہ دار، بنی ہاشم میں اجلاس

ملتان (۱۶؍ مارچ) وفاق المدارس جنوبی پنجاب سے ملحق مدارس کے مدیران کا ایک اجلاس مسجد ختم نبوت مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان میں بعد نمازِ مغرب تا عشاء منعقد ہوا۔ وفاق المدارس ملتان کے مسئول، جامعہ قادریہ حنفیہ کے مہتمم مولانا محمد نواز نقشبندی مدظلہ کی زیر صدارت مدرسہ معمورہ کے ناظم سید محمد کفیل بخاری کے ابتدائی کلمات سے اجلاس کا آغاز ہوا۔ مولانا محمد نواز مدظلہ اور مہمان خصوصی مولانا زبیر احمد صدیقی مدظلہ (ناظم وفاق المدارس جنوبی پنجاب) نے مختلف مدارس کے مہتممین سے خطاب کرتے ہوئے ۳؍ اپریل کو لاہور میں منعقد ہونے والی عظیم الشان استحکام مدارس و پاکستان کانفرنس میں بھر پور شرکت اور کامیابی کے لیے تجاویز دیں۔ آخر میں مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر ابن امیر شریعت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے مختصر خطاب فرمایا اور آپ کی دعاء پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

## قائد آباد میں مسلمانوں کی مسجد پر قادیانیوں کی 42 سالہ قبضہ ختم

قائد آباد (16 / مارچ) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے قائد آباد (خوشاب) کے قریب چک نمبر 2۔ٹی ڈی اے کی مسجد پر قادیانیوں کا قبضہ ختم ہونے اور 42 ۔سال بعد مسجد مسلمانوں کے سپرد ہونے کے فیصلے کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم قانونی و عدالتی راستے کے قائل ہیں اور اسی راستے سے یہ مسجد مسلمانوں کو ملی ہے جو تحریک ختم نبوت کی پرامن جدوجہد کی عکاس اور غماز ہے، متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنونیر عبد اللطیف خالد چیمہ نے مسجد کے کیس میں مقدمہ کے مدعی سید اطہر حسین شاہ گولڑوی اور پیروی کرنے والے وکلاء کی مساعی مسلسل کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ امتناع قادیانیت ایکٹ پر مکمل عمل درآمد کروائیں اور قادیانی ریشہ دوانیوں کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں یاد رہے کہ 1974ء میں پارلیمنٹ میں لاہوری و قادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیئے جانے کے بعد دو قادیانی خاندانوں نے خود کو مسلمان ظاہر کر کے مسجد پر قبضہ کر لیا اور 6 مسلم خاندانوں کو قادیانیوں نے مرتد بنا لیا، 2000ء میں قائد آباد میں تحریک ختم نبوت کے معمر کارکن سید اطہر حسین شاہ گولڑوی نے اس مسجد کی دستاویزات نکلوا کر سیشن جج کی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا، 23۔ستمبر 2015ء کو ہائی کورٹ نے مسجد مسلمانوں کے حق میں کھولنے کا حکم سنایا اور ڈی سی او خوشاب کو ہدایت کی کہ وہ فیصلے پر عمل درآمد کروائیں چنانچہ ڈی سی او خوشاب ضیاء الرحمٰن نے پوری انکوائری اور تمام قانونی تقاضے پورے کر کے 16۔مارچ، بدھ کو مسجد مسلمانوں کے حوالے کرنے کا آرڈر دیا جس پر پولیس اور انتظامیہ نے مسجد اپنی نگرانی میں ڈی سیل کر کے مقدمے کے مدعی سید اطہر حسین شاہ گولڑوی اور ان کے ساتھیوں کے حق میں کھول دی، ختم نبوت لائرز فورم پاکستان کی ٹیم جو طاہر سلطان کھوکھر، زاہد سعید بھٹہ، بدیع الزماں بھٹی، شاہ شمس العارفین، محمد زوار حسین کھارا اور بدر عالم شیخ پر مشتمل تھی اور انہوں نے معروف قانون دان غلام مصطفےٰ چودھری کی سربراہی میں طویل اور صبر آزما قانونی جنگ لڑی ان کو تحریک ختم نبوت کی تمام جماعتوں کے قائدین نے مبارکباد پیش کی ہے۔ جمعیت علماء اسلام اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماء مفتی زاہد محمود نے کہا ہے کہ قادیانیوں کو مسلمانوں کی مسجد پر قبضہ کرنے کا کوئی حق حاصل نہ تھا، ایسا کر کے انہوں نے مسلمانوں کے حق پر شب خون مارا انہوں نے کہا کہ سید اطہر شاہ گولڑوی نے جس طرح مقدمہ کی پیروی کی ہے یہ ایک مثال قائم ہو گئی ہے، انہوں نے سید اطہر شاہ گولڑوی، معروف قانون دان غلام مصطفےٰ چودھری اور تحریک ختم نبوت کے رہنما حاجی عبد اللطیف خالد چیمہ کی قانونی و اخلاقی کوششوں اور پرامن جدوجہد کو پورے ملک کے لیے ایک مثال کرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ہمارے دوست اس قسم کے مسائل میں آئینی و قانونی اور عدالتی راستہ اختیار کریں تو آخر کار فتح مسلمانوں کی ہی ہو گی۔



© rasailojaraid.com